# سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاح

مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اس میں آٹھ آیات ہیں

## رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۸ عَمَّ ۳۰/۱۹

SOLACE

*Revealed at Mecca*

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. Have We not caused thy bosom to dilate.
2. And eased thee of the burden
3. Which weighed down thy back ;
4. And exalted thy fame?
5. But lo! with hardship goeth ease,
6. Lo! with hardship goeth ease;
7. So when thou art relieved, still toil
8. And strive to please thy Lord.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ اے محمد! کیا ہم نے تمہارا سینہ کھول نہیں دیا؟ (۱) بیشک کھول دیا (۱) ○

وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ اور تم پر سے بوجھ بھی اُتار دیا (۲) ○

الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ جس نے تمہاری پیٹھ توڑ رکھی تھی (۳) ○

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝۴ اور تمہارا ذکر بلند کیا (۴) ○

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۵ ہاں (ہاں) مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے (۵) ○

اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۶ (اور) بیشک مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے (۶) ○

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝۷ تو جب فارغ ہو کر (تو) عبادت میں محنت کیا کرو (۷) ○

وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸ اور اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہو جایا کرو (۸) ○

## اسرار و معارف

آپ کا سینہ مبارک علم و حلم کے لیے اس قدر وسیع کر دیا کہ دنیا کے تمام حکماء مل کر بھی اسکی وسعتوں کا اندازہ نہیں کر سکتے قیامت تک کی ساری انسانیت کو دنیا و آخرت کے ہر مسئلے کا حل اور ہر سوال کا جواب عطا فرمایا اور اس کی خاطر اس قدر مشکلات برداشت کیں اور صدمات جھیلے کہ آپ ﷺ ہی کی شان ہے اور آپ ﷺ کے لیے وہ عظیم ذمہ داری کہ ساری انسانیت کو اللہ کا پیغام پہنچانا اور ظلم کو روک کر حق کا نفاذ کفر کو پھاڑ کر توحید کی روشنی مہیا کرنا اتنا بڑا بوجھ تھا کہ اس نے کمر دوہری کر دی مگر ہم نے آساں

کر دیا اور آپ ﷺ کے نام نامی کو بلند کر دیا کہ اپنے نام کے ساتھ کلمے کا جزء بنا دیا جو اسلام میں داخلے کا راستہ ہے ہر اذان میں فضاؤں میں ہمیشہ گونجتا رہے گا اور آپ ﷺ کی بعثت کے بعد جہاں کہیں انسانی کمالات یا مشاہیر عالم کا تذکرہ ہوگا سب سے اُوپر آپ ﷺ کا نام مبارک ہوگا کہ ہر مشکل ہی آسانی لاتی ہے اور ہر محنت کے ساتھ پھل ہوتا ہے۔

## ذکرِ الٰہی

لہٰذا جب تبلیغ دین اور اُمورِ مملکت کے کاموں سے تھک جائیں اور چند لمحے فراغت کے درکار ہوں تو پھر اللہ کا ذکر کریں کہ آپ ﷺ کی سب سے بڑی عبادت تو مخلوق کی راہنمائی اور اصلاح تھی یہ بالواسطہ عبادت ہے اس پر قناعت نہ فرمائیں بلکہ جیسے فارغ ہوں تو بلاواسطہ اور خلوت میں اللہ کی طرف متوجہ ہوں ذکر کریں اور دُعا فرمائیں لہٰذا علماء اور مُبلّغ حضرات کے لیے ضروری ہے کہ کچھ وقت خلوت میں ذکر الٰہی میں بسر ہو کہ دل میں برکاتِ نبوت کا خزانہ بھر جائے جو تقسیم کیا جا سکے۔